# محفوظ پارکوں تک

## عورتوں اور لڑکیوں کی رساءی
## کو بہتر بنانے کی غرض سے

## عمل درآمد کا خلاصہ



MAKE SPACE FOR GIRLS | West Yorkshire Combined Authority | Tracy Brabin Mayor of West Yorkshire | KEEP BRITAIN TIDY. | Green Flag Award | UNIVERSITY OF LEEDS

# پارک ہر شخص کے لیے لازمی ہیں

وہ ہمیں فطرت تک رسائی، آرام کرنے اور دوستوں سے ملنے کا مقام ، اور سرگرمیوں کے لئے میدان فراہم کرتے ہیں ۔ ... ایک اچھا پارک اپنی کمیونٹی کا قلب بن سکتا ہے ۔ لیکن یہ سہولیات سب کے لئے یکساں طور سے میسّر نہیں ہیں ۔

عورتیں اور لڑکیاں اکثر پارکوں میں خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتی ہیں اور اس لیے اُن کو کم استعمال کرتی ہیں ۔ اایسا محض اس لئے نہیں کہ وہ جرائم سے خوف زدہ ہیں، خواہ زنا بالجبر ہو، جسمانی حملہ ہو یا چھیڑ چھاڑ۔ بلکہ وہ خود کو ناراحت ، نامقبول اور بھید بھاؤ کی شکار محسوس کرتی ہیں۔ دن کے اوقات میں مردوں کی بہ نسبت عورتیں تین گُنا زیادہ غیر محفوظ محسوس کرتی ہیں۔ اور یہ احساس اندھیرا ہونے کے بعد شدید تر ہو جاتا ہے۔

**یہ ناروا اور مساوات کے خلاف ہے** - اور محفوظ ترپارکوں کے بارے میں ہماری نئی ہدایات کا مقصد اسی احساس کو دور کرنا ہے۔

ایہ لیڈس یونیورسٹی کی جانب سے کی گئی اس ریسرچ پر مبنی ہے کہ عورتیں اور لڑکیاں کیا محسوس کرتی ہیں کہ پارکوں کو کیسے محفوظ تر، زیادہ دلکش مقامات بنایا جا سکتا ہے جن سے سبھی لوگ وابستگی محسوس کر سکیں۔ اس رہنمائی کا تعلق ہر اس شخص سے ہے جو پاکوں کے ڈزائن اور ان کےانصرام سے سروکار رکھتا ہے۔ کچھ تجویز کردہ تبدیلیاں سادہ اور سستی ہیں، دیگر زیادہ پیچیدہ ہیں، لیکن یہ سب حفاظت اور شمولیت کو بہتر بنانے کے لئے ڈیزائن کی گئی ہیں ۔



بہتر ڈیزائن اور انتظام ان تمام مسائل کو حل نہیں کر سکتا جو خواتین اور لڑکیوں کو پارکوں سے دور رکھتے ہیں، لیکن درست پلاننگ، فنڈنگ، اعانت اور سپورٹ سےپارکوں اور سرسبز مقامات کی سہولیات سے **ہر کوئی زیادہ مساوی طور** سے لطف اندوز ہو سکتا ہے ۔

## اسی رہنما اصول کی روشنی میں ہم اپنی مُہم شروع کرتے ہیں۔

**ان ہدایات میں شامل ہر نُکتہ میں «فوری کامیابی » کے گُر شامل لھیں -- یعنیایسے آسان اِقدامات جن کو فوری طور سے عمل میں لا کر پارکوں کو زیادہ محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔**



# دس رہنما اُصول

یہ رہنما اصول اس نکتہ پر توجّہ مرکوز کرتے ہیں کہ بہتر پارکوں کی تشکیل کے لئےان کے ڈزائن، ادارہ و انصرام اور کی نگہداشت کو کیسے عمل میں لایا جائے۔ انہیں عناوین کے تحت دس بنیادی اصول وضع کئے گئے ہیں۔

## پارک پر نظر رکھیں

دوسرے اشخاص کی موجودگی سے پارکوں میں حفاظت کا احساس ہوتا ہے؛ خواہ سرگرمیوں کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو مدعو کرکے یا پارک کے اسٹاف اورافسروں کو زیادہ مستعد بناکر۔

- بزنس
- سٹافنگ

- لوگوں کو لانے کے لیے سہولیات کو عمل میں لانا
- سفر کی ہر وقت سہولیات جیسی تدابیر سے کیسے پارکوں کو مصروف تر بنایا جا سکتا ہے
- ایسی سرگرمیوں کی تامین کی جائے جو عورتوں لڑکیوں کو راغب کرنے میں معاون ہو سکیں
- محفوظ ترپارکوں کی تشکیل کے لئے سٹاف اور رضاکاروں کی تربیت اور تعیناتی
- پارکوں کو کاروباریوں اور رضاکار گروہوں کے لئے کھولنے سے کیسے پارکوں کی حفاظت کو بہتر بنایا جا سکتا ہے
- سی سی ٹی وی اور اِمدادی مقامات

## آگاہی

پارکوں کو اس طور ڈزائن کیا جائے کہ عورتیں اور لڑکیاں کسی بھی مقام پر خود کو محفوظ محسوس کر سکیں، وہ دوسروں کو دیکھیں اور دوسرے ان کو دیکھیں جس سے ان کو اطمینان ہو سکے کہ وہ خطرہ میں نہیں ہیں اور وہ اپنے ماحول میں آرام سے آمد و رفت کر سکتی ہیں۔

- رویائی
- فرار کا راستا
- روشنی کا انتظام
- راستہ کی کھوج

- رویائی کے لئے سبزہ اُگانا اور ان کی دیکھ بھال
- سہولیات کا ڈیزائن اور ان کی ترتیب
- محفوظ تر حد بندی اور داخلہ کے راستوں کی تعمیر
- تحفّظ کے لئے روشنی کے بند و بست سے متعلق ہدایات
- شمولی تر پارک کی تشکیل کی غرض سے مساحات کی تقسیم
- اَہمّیت منیجر اور تنوّع کی دلکش مقامات کی تشکیل میں

## شمولیّت

مختلف گروہوں کے لئے درپیش رکاوٹوں کو شناخت کرکے اور ان کا ازالہ کرکے ایسے پارک بنائے جائیں کہ سبھی عورتیں اور لڑکیاں محسوس کریں کہ وہ ان کے لئے ہی بنائے گئے ہیں۔

- وابستگی کا احساس
- عکس
- راہ یابی
- معامَلت

- تحفُّظ محسوس کرنے کے لئے وابستگی کے احساس کی اہمیت اور اسے کیسے بڑھایا جائے
- سہولیات اور ڈزائن کیوں کر شمولیت کو یقینی بنا سکتے ہیں
- کوڑا کرکٹ ، گرافیٹی اور نگہداشت تحفظ کی راہ کے خاص مسائل ہیں
- پارکوں کے ڈزائن اور ادارہ و انتظام میں عورتوں اور لڑکیوں کو شریک کیا جائے
- مُواصلات کا استعمال ایسے پارک کی تشکیل میں جس میں ہر شخص خود کو محفوظ محسوس کر سکے
- پارک تک رسائی کوءی مانع نہیں ہے



**نیز اس میں عورتوں لڑکیوں کے لئے بہتر پارکوں کی تشکیل کے لئے برطانیہ اور آگے کے مُلکوں میں عمل میں آئے دس پراجیکٹوں کی کیس سٹڈیز کوشامل کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں بہتر ڈزائن اور پریکٹس کی متعدد دیگر مثالوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔**




# اگلے اقدامات

یہ ہدایات محض ایک نقطہ آغاز ہیں۔ تغیُّر لانے کے لئے لازم ہے کہ ان کو عمل میں لایا جائے۔

پہلا قدم یہ ہونا چاہئے کہ ہدایات کے اس خلاصہ کی مع ان ہدایات کی کامل دستاویز کے حتی الامکان زیادہ سے زیادہ لوگوں کے ساتھ مُساہَمَت کی جائے تاکہ یقینی ہو سکے کہ تحفظ کی اہمیت ہر شخص کے ذہن میں سرِ فہرست ہے۔

ضرورت ہے نکہ عورتوں لڑکیوں کی حفاظت کے مسئلہ کو ہر پالیسی میں شامل کیا جاءے، طرّاحی کے ہر فیصلہ، پلاننگ کے ہر بیان اور ہر اِداری مُہم یا تقییم میں اسے ملحوظ رکھا جائے۔

جہاں تک مُمکن ہو زیادہ سے زیادہ مُشارِکین کے ساتھ مل مکر کام کریں تاکہ دخالتی اقدامات کئے جا سکیں اور پارکوں کو بہتر بنانے کی غرض سے مالیّہ فراہم کیا جاسکے۔



لیکن انتظار نہ کریں ۔ چند ایسے کار ہیںن جن کو فوری طور سے انجام دیا جا سکتا ہے۔ ان ہدایات کو پڑھ کر دریافت کریں کہ الآن کیا تبدیلی لاءی جا سکتی ہے۔ اپنے آس پاس کے پارکوں کو مختلف زاویۂ نظرسے دیکھیں ۔

**میِہم ترین یہ ہے کہ اس عمل کے ہر مرحلہ میں عورتوں لڑکیوں کی آواز کو ضرور سُنا جاءے۔**

آج ہی سے شروعات کے لئے ان ہدایات کو گرین فلیگ اوارڈ کی ویب سائٹ سے ڈاون لوڈ کریں۔

**greenflagaward.org**

Empower Her Safety

SAFER YOUR DISTRICT BRADFORD COMMUNITY SAFETY PARTNERSHIP

ترجمات کے لئے رُقوم فراہم کرنے والے: